


# Yagoona پبلک سکول

## منصوبے کے بارے میں تازہ اطلاع

فروری 2019

**ہمارے سکولوں میں سرمایہ کاری**

نیو ساؤتھ ویلز کی حکومت اگلے چار سالوں میں 170 سے زیادہ نئے اور بہتر سکول فراہم کرنے پر 6 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کر رہی ہے تاکہ پورے نیو ساؤتھ ویلز کی کمیونٹیوں کو مدد ملے۔ اسکے علاوہ چار سالوں میں 847 ملین ڈالر کی ریکارڈ رقم سکولوں کی دیکھ بھال پر خرچ کی جا رہی ہے۔ یہ پبلک تعلیمی اداروں کی عمارات و سہولیات میں نیو ساؤتھ ویلز کی کی تاریخ کی سب سے بڑی سرمایہ کاری ہے۔

**Yagoona پبلک سکول**

Yagoona پبلک سکول میں منصوبہ جاری ہے۔ منصوبہ یہ فراہم کرے گا:

- 16 نئے مستقل کلاس رومز
- کلاس رومز کے بیت الخلا
- نئے کلاس روم بلاک کی پہلی منزل پر انتظامیہ کی نئی عمارت

**پیش رفت کا خلاصہ**

تعمیر کیلئے Taylor Construction کو کانٹریکٹ دیا گیا ہے۔ تعمیر کے مقام کو تیار کرنے کا کام کر لیا گیا ہے جس کے تحت کپڑے کا سائبان اور حفاظتی جنگلا لگایا گیا ہے اور بعد میں الگ کیے جا سکنے والے کلاس رومز بنائے گئے ہیں۔ تعمیراتی کام کی درخواست منظور ہو چکی ہے۔ حتمی ڈیزائن بھی بن رہا ہے۔

**اگلے مراحل**

اصل تعمیراتی کام 2019 کے آغاز میں شروع کیے جانے کا منصوبہ ہے۔ تعمیر کا کام پیر تا جمعہ صبح 7 بجے سے شام 6 بجے اور ہفتے کے دن صبح 8 بجے سے شام 4 بجے کے درمیان ہو گا۔

ٹریفک اور پارکنگ کے اثرات کم کرنے کیلئے تعمیراتی عملے سے کہا جائے گا کہ وہ اپنی گاڑیاں قریب کسی ایسی جگہ کھڑی کریں کہ سکول کمیونٹی پر اثرات کم ہو جائیں۔ جہاں بھی ممکن ہو، سامان پہنچانے کا کام طالبعلموں کو سکول چھوڑنے اور لینے کے اوقات سے باہر کیا جائے گا۔

**ہمارے ساتھ کام کرنا**

اپنے کاروباری رفقاء اور مقامی کمیونٹی کے بہترین مفاد میں عمل کرنے کا ہمارا عزم ہمارے کام میں اوّلین مقام رکھتا ہے۔

ہم اس تعمیر و تزئین کے بارے میں معلومات انفارمیشن بوتھ، منصوبے کے بارے میں تازہ اطلاعات، سکول کے نیوزلیٹر اور ویب سائیٹ کے ذریعے دینا جاری رکھیں گے۔

**مزید معلومات کیلئے رابطہ کریں:**
School Infrastructure NSW
ای میل: schoolinfrastructure@det.nsw.edu.au
فون: 1300 482 651
www.schoolinfrastructure.nsw.gov.au